سوال

(165)زیارت قبور کی ترکیب کیا ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاتہ

زیارت قبور کی ترکیب کیا ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاتہ
الحمد لله، والصلاة والسلام علیٰ رسول الله، أما بعد!

عوام مؤمنین کی قبر کی زیارت کے لیے جاوے تو پہلے قبلہ کی طرف پشت کر کے اور میت کے سینہ کے سامنے منہ کرے اور سورۃ فاتحہ ایک مرتبہ اور قل ہو اللہ احد تین مرتبہ پڑھے اور جب مقرہ میں جاوے تو یہ کہے :

((اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ اَهْلَ الدِّيَارِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُسْلِمِيْنَ يَغْفِرُ اللهُ لَنَا وَلَكُمْ وَاَنَا اِنْشَاءَ اللهُ بِكُمْ لَلَاحِقُوْن))

''یعنی سلام ہے تم لوگوں پر اے اہل دیار مومنین اور مسلمین میں سے، بخشش فرما دے اللہ تعالیٰ ہمارے حق میں اور تمہارے حق میں اور ہم انشاء اللہ تمہارے ساتھ ملنے والے ہیں۔''

(فتاویٰ عزیزی ص ۴۲۵، جلد ۱)

[فتاویٰ علمائے حدیث]

جلد05ص281

محدث فتویٰ